اُردو لازمی

نوٹ: سیکشن (ب) اور سیکشن (ج) کیلئے کل وقت 2 گھنٹے اور 40 منٹ ہیں۔

سیکشن (ب)

سوال ۲: درج ذیل میں سے دس (۱۰) اجزاء کے مختصر جوابات لکھیں۔ ہر جزو کے پانچ نمبر ہیں۔

۱) لالو گھر سے غائب ہو کر کہاں جاتا تھا؟ نیز لالو نے قیام پاکستان کے بعد زندگی کیسے گزاری؟

۲) صحن میں پتھر گرنے سے کیا مراد ہے؟ شاعر اور غزل کے متعلقہ سفر کے حوالے سے جواب لکھیں؟

۳) سقراط کی تعلیمات کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیں؟

۴) بھتیجے نے اپنے چچا کو کس طرح مرید پور کا قومی لیڈر قرار دلوایا؟ نیز سبق اور مصنف کا نام تحریر کریں؟

۵) جملے بنائیں: دیرینہ، ڈھارس بندھانا، حقیقت، دل لگانا، وعدہ نبھانا

۶) نظم "شکست کی آواز" کا خلاصہ تحریر کریں؟

۷) اختر کو کیا بیماری تھی؟ نیز اس کے صحت مند ہونے میں منظور کا کیا کردار تھا؟

۸) بھوت کا بن کر محلے والوں نے کیا کیا؟ نیز عبداللہ کی موت کہاں واقع ہوئی؟

۹) افسانہ محسن محلہ کا مرکزی خیال پانچ سطروں میں لکھیں؟

۱۰) تجنیس تام اور تجنیس محرف میں مثالوں کے ذریعے فرق واضح کریں؟

۱۱) صنعتِ تضاد کی تعریف کریں۔ مثال میں تین اشعار پیش کریں؟

۱۲) افسانہ کی تعریف کریں نیز اردو ادب کے دو افسانہ نگاروں کے نام لکھیں؟

۱۳) بشارت اور خان صاحب کے درمیان تنازعہ کیسے طے ہوا؟

سیکشن (ج)

سوال ۳: درج ذیل اجزاء میں سے کسی ایک جز کی سیاق و سباق اور متن کے حوالے سے تشریح کریں۔

الف) زمین آخر زمین ہے اور ہمارے تخیل کی ہزار پروازیں ہماری ارزوؤں کی ہزار رفعتیں بھی اسے آسمان نہیں بنا سکتیں اور حقیقت کی دنیا میں ہمیں آسمان سے زیادہ ضرورت بھی زمین ہی کی ہے، تاکہ آسمان کی بادشاہت زمین پر قائم ہو اور اللہ تعالیٰ کی اس زمین پر اس کے فرمان بردار بندے متصرف ہو کر اُسے اپنا وطن بنائیں۔

ب) وہ اتنے سیدھے اور اس قدر بے پیچ تھے کہ انسان ہی نہیں لگتے تھے۔ سارے محلے پر اور ساری سوسائٹی پر ایک بوجھ لگتے تھے، اور چونکہ ایسے لوگوں کے ساتھ رسم و رواج کوئی بھی پسند نہیں کرتا، اس لیے کوئی بھی ان کا دوست نہیں تھا۔

سوال ۴: درج ذیل اجزاء میں سے کسی ایک کی متن کے حوالے سے تشریح کیجیے۔

الف)
ہم تو مائل بہ کرم ہیں، کوئی سائل ہی نہیں — راہ دکھلائیں کسے؟ رہروِ منزل ہی نہیں
تربیت عام تو ہے، جوہر قابل ہی نہیں — جس سے تعمیر ہو آدم کی یہ وہ گِل ہی نہیں
کوئی قابل ہو تو ہم شانِ کئی دیتے ہیں — ڈھونڈنے والوں کو دنیا بھی نئی دیتے ہیں

ب)
کیسی ویراں ہے گزرگاہِ خیال — جب سے وہ عارض و لب یاد نہیں
بھولتے جاتے ہیں ماضی کے دیار — یاد آئیں بھی تو اب یاد نہیں

سوال ۵: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیں۔

(الف) عقیدۂ ختم نبوت کیوں ضروری ہے؟ (ب) پاکستان میں سیلاب کی تباہ کاریاں

(ج) بہتر معاشرے کی تشکیل میں طلبہ کا کردار

www.ilmkidunya.com